1

Session 18th
No 100
Date 24/5/2016
Department Health

# تحریک استحقاق

میرے حلقہ نیابت پی کے 5 میں واقع خیبر میڈیکل کالج میں کلاس فور کی آسامیاں خالی تھیں جس پر وزیر صحت صاحب نے میرے حلقے کے دو مستحق نوجوانوں کو نوکریاں دینے کی سفارش کی لیکن کئی ماہ تک یہ نوجوان پرنسپل صاحب کے دفتر کے چکر لگاتے رہے میں نے بھی کئی بار پرنسپل صاحب کو کہا کہ یہ آسامیاں خالی ہیں اور ان نوجوانوں کو بھرتی کیا جائے پرنسپل صاحب نے پہلے مجھے ایک ہفتہ پھر اس کے بعد دوسرے ہفتے میں آرڈرز کرنے کا کہا لیکن کئی مہینے گزر گئے آخر میں پرنسپل خیبر میڈیکل کالج اعجاز خٹک نے مجھے فون پر بتایا کہ وزیر صحت آپ کے سامنے فون پر بتاتا ہے کہ ان کا کام کر دیں لیکن آپ کے جانے کے بعد مجھے کہتا ہے کہ ایم پی اے کا کام مت کریں اور منسٹر صاحب نے مجھے دو بندے بھیج دیئے تھے جن کو میں نے آرڈر دے دیئے ہیں اور آسامیاں پر ہوگئی ہیں میں ایم پی اے وغیرہ کو نہیں مانتا صرف منسٹر صاحب مجھے جو کہے گا وہ کروں گا اور مزید بدتمیزی (جس کو بیان نہیں کر سکتا) کی اور فون بند کر دیا۔ پرنسپل کے اس اقدام سے نہ صرف میرا ~~بلکہ~~ میرے حلقے کے عوام کا اور پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

لہذا تحریک استحقاق کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کر کے پرنسپل کو تبدیل کر کے قانونی کارروائی کی جائے۔

24/5/16

ڈاکٹر ... خان خلیل

MPA

24/5/2016

Process

24.5.2016